© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: تعلیمات نبویؐ اور آج کے زندہ مسائل مؤلف : حضرت مولانا سید عزیز الرحمٰن صاحب

ضخامت: ۴۱۶ صفحات قیمت۔ ۲۴۰ روپے ناشر: القلم فرحان ٹیرس ناظم آباد نمبر ۲ کراچی

زیر تبصرہ کتاب کے متعلق ڈاکٹر محمود غازی رقمطراز ہیں: پاکستان میں مطالعہ سیرت کا نیا دور یوں تو قیام پاکستان کے بعد سے ہی شروع ہو گیا تھا' متعدد اہل علم نے سیرت پر اردو اور انگریزی میں نئے نئے انداز سے بہت سی کتابیں لکھی تھیں' لیکن واقعہ یہ ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مطالعہ سیرت کی نئی نئی جہتیں سامنے آ رہی ہیں۔ مطالعہ سیرت کو مہمیز دینے میں بہت سے عوامل نے حصہ لیا ان میں اہم کردار علماء سیرت کے ساتھ ساتھ بہت سے اداروں کی کاوشوں کا بھی ہے یہ ادارے جو پاکستان میں سیرت کے کام کو آگے بڑھانے میں موثر کام کر رہے ہیں۔ تاریخ علم سیرت میں ان شاء اللہ یاد رکھے جائیں گے۔

یہ شرف بھی خالق کائنات نے اہل پاکستان کے حصے میں رکھا تھا' کہ یہاں صرف مطالعہ سیرت کے لئے ادارے بھی قائم ہوئے اور صرف سیرت کے بارے میں تحقیقات کی نشر و اشاعت کے لئے مستقل بالذات رسائل بھی شائع ہوئے ان مستقل بالذات رسائل میں کراچی کا ششماہی رسالہ السیرۃ العالمی بھی شامل ہے۔ اس رسالے نے بہت جلد علمی دنیا میں ایک اہم مقام پیدا کیا ہے' اس رسالے کے روح رواں اس کتاب کے فاضل مؤلف اور نوجوان محقق مولانا سید عزیز الرحمٰن ہیں' جنہوں نے نہ صرف اس رسالے کے نائب مدیر کی حیثیت سے بلکہ ایک محقق سیرت کے طور پر اہل علم سے خراج تحسین حاصل کیا ہے۔ انہوں نے تعلیمات نبوی کو ایک نئے انداز میں پیش کر کے ادبیات سیرت میں وقیع اضافہ کیا ہے۔

زیر نظر کتاب ان کے سات (۷) عالمانہ اور محققانہ مقالات کا مجموعہ ہے۔ یہ وہ مقالات ہیں جو وزارت مذہبی امور کے تحت منعقد ہونے والی سالانہ قومی سیرت کانفرنسوں میں پیش کئے گئے۔ یہ سب مقالات قبل ازیں ملک کے علمی رسائل و جرائد میں شائع ہو کر مقبول و معروف ہو چکے ہیں۔ یہ مقالات قومی سطح پر انعامات کے مستحق بھی قرار دیئے گئے۔

طلبائے سیرت مولانا سید عزیز الرحمٰن صاحب کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے سب مقالات کو کتابی شکل

© rasailojaraid.com